ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (426)

مورخہ 08.09.25

**بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، 09 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ عنائتی، صدر حاصلپور اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 633 لیٹر شراب اور 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔ اسی طرح تھانہ کوتوالی اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے 02 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 01 کلو 200 گرام چرس اور 80 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ کوتوالی، سول لائنز اور تھانہ عباس نگر پولیس نے 03 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ 02 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد بندوق 12 بور برآمد کرلی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((427

08.09.25

**بہاولپور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے احکامات، ایس پی انوسٹی گیشن سید جمشید علی شاہ کی جانب سے نواز شریف پارک چک نمبر42/DBعلاقہ تھانہ صدر یزمان میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بر وقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، ایس پی انوسٹی گیشن**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ایس پی انوسٹی گیشن سید جمشید علی شاہ نے نواز شریف پارک چک نمبر42/DBعلاقہ تھانہ صدر یزمان میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ایس پی انوسٹی گیشن کے ہمراہ ایس ڈی پی او سرکل یزمان، ایس ایچ اوز و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ایس پی انوسٹی گیشن سید جمشید علی شاہ نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ایس پی انوسٹی گیشن نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ ایس پی انوسٹی گیشن نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ایس پی انوسٹی گیشن سید جمشید علی شاہ نواز شریف پارک چک نمبر42/DBعلاقہ تھانہ صدر یزمان میں کھلی کچہری کر رہے ہیں